


HÔPITAL
SAINTE-JUSTINE








d
All
V V
TYS























© rossparry.co.uk/syndication



# جسمِ انسانی کی کہانی



ماہرین کے مطابق عام طور پر مردے کو قبر میں رکھنے کے بعد سب سے پہلے اس کا پیٹ اور اس کی شرمگاہ گلنے سڑنے لگتی ہے، یہی وہ چیزیں ہیں جن کے لیے انسان دنیا میں فساد مچاتا ہے۔

پھر انسان کی پھیپھڑے سڑتے ہیں جس کی وجہ سے منہ سے تعفن اور بدبو اٹھنے لگتی ہے۔ یہ منہ اور زبان ہی ہے جس کی وجہ بدزبانی سے انسان دنیا میں جھگڑے اور ایذا رسانی کا بازار گرم کرتا ہے۔

پھر کچھ ہی دنوں میں اس کی ناک گل سڑ کر جسم سے جھڑنے لگتی ہے، یہ وہی ناک ہے جسے دنیا میں اونچا رکھنے کے لیے انسان لوگوں کی حق تلفی کرتا رہتا ہے۔

پھر نیلی اور سبز رنگ کی مکھیاں پیدا ہو جاتی ہیں اور سفید رنگ کے کیڑے تقریباً سارے جسم کو ڈھانپ لیتے ہیں۔ پورے جسم سے بدبو اور سڑاند اس قدر اٹھتی ہے کہ اگر قبر کو کھول دیا جائے تو دور تک بدبو سے لوگ بھاگ جائیں۔

پھر ہاتھوں کا جھڑنا شروع ہو جاتا ہے۔
تھوڑے دنوں بعد سوائے ڈھانچے کے کچھ نظر نہیں آتا۔
کچھ عرصے بعد یہ ڈھانچہ بھی ٹوٹ پھوٹ کر ختم ہو جاتا ہے۔

یہ اسی جسم کی کہانی ہے جسے دنیا میں ہم بہت سنوار کر اور سنبھال کر رکھتے ہیں اور یہ مسلسل اللہ کی نافرمانیوں میں استعمال ہوتا رہتا ہے۔